2069-وضوء میں ہاتھ دھوتے وقت ہتھیلی دھونا لازمی ہے

سوال

کلائی سے کہنی تک ہاتھ دھونے کا حکم کیا ہے، کیونکہ اس نے وضوء کی ابتداميں دونوں ہتھیلیاں تو دھولی تھیں، کیا ایسا کرنے کی بنا پر اس کے لیے وضوء دوبارہ کرنا ہوگا ؟

پسندیدہ جواب

وضوء کرتے وقت چہرہ دھونے سے فارغ ہونے کے بعد ہتھیلیوں کے بغیر صرف کہینوں تک بازوں دھونے پر اقتصار کرنا جائز نہیں، بلکہ دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کی ابتداء سے کہنی تک بازوں دھونے ضروری ہیں، چاہے چہرہ دھونے سے قبل دونوں ہاتھ دھوئے بھی گئے ہیں، کیونکہ وضوء کی ابتداميں انہیں دھونا سنت ہے، اورچہرہ کے بعد دھونے واجب ہیں.

اس لیے اگر کوئی شخص کلائی سے لیکر کہنیوں تک ہی بازو دھوتا ہے تو اس نے مطلوبہ فرض مکمل نہیں کیا، اس لیے اگر تو وضوء مکمل کرچکا ہے تو اسے دوبارہ وضوء کرنا ہوگا یا پھر اگر وہ دوران وضوء ہے تو دونوں ہاتھ کہنیوں تک دھوئے اورپھر وضوء مکمل کرے.